Tarjuma Tul Quran Majeed - ICom Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q2. انفال یعنی مال غنیمت سے کیا مراد ہے-

Ans 1: انفال نفل کی جمع ہے نفل زائد چیز کو کہتے ہیں- مال غنیمت کو نفل اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ اصل مقصود سے زائد ہوتا تھا.جہاد سے مقصود تو آخرت کار اجر اور اللہ تعالیٰ کی رضا ہے- مال کا ملنا، اللہ تعالیٰ کا فضل اور عطیہ ہے.

Q3. سورۃ التوبہ کو سورۃ التوبہ کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کو سورۃ التوبہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں ان چند صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی توبہ قبول ہونے کا زکر ہے جو کسی وجہ سے غزوہ تبوک کی مہم میں شریک نہ ہوسکے اور بعد میں انھوں نے اپنی اس غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے سچی توبہ کی.

Q4. اللہ تعالی کن لوگوں کی گمراہی کا فیصلہ کرتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو گمراہ کرتا ہے جو اللہ تعالی کے عہد کو توڑتے، قطع رحمی کرتے زمین پر فساد مچاتے ہیں-

---

Q5. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

Ans 1: ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q6. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---

Q7. سورۃ التوبہ کا علمی وعملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اہل ایمان کا کامل بھروسہ اللہ تعالی پر ہوتا ہے اللہ تعالی کی طرف سے جو بھی فیصلہ ہو وہ اس پر راضی رہتے ہیں. 2- منافق جہاد اور نیکی کے کاموں میں پیچھے رہنا پسند کرتے ہیں-

---

Q8. لفظ کے معنی لکھیں- یصدون- جار- الفئتین- علی عقبیہ- الانفال- ذات بینکم- قلوبھم- لقیتم- لاتنازعوا

Ans 1: یصدون- وہ روکتے ہیں- جار- حماعتی- الفئتین- دونوں جماعتیں- علی عقبیہ- التے قدموں- الانفال- مال غنیمت- ذات بینکم- آپس کے تعلقات- قلوبھم- ان کے دل لقیتم- تمہارا مقابلہ ہوجائے- لاتنازعوا- آپس میں نہ جھگڑو

Q9. سورہ البقرہ میں کس آیات میں گائے کا زکرہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ ہے جسے زبح کرنے کا حکم ہے.بنی اسرائیل کو دیا گیا تھا

Q10. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.